## اگر آپ نیویارک شہر کے ایک با معاوضہ نگہداشتی کارکن ہیں، تو جائے کار سے متعلقہ سوالات اور شکایات کے لیے شہر کی طرف سے آپ کو اب ایک وقف شدہ وسیلہ دستیاب ہے: دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے تحت محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) کا ذیلی حصہ یا معاوضہ نگہداشت ڈویژن (Paid Care Division).

با معاوضہ نگہداشتی کارکنان میں گھر پر نگہداشت فراہم کرنے والے اور گھریلو کام کاج کرنے والے ملازمین شامل ہیں، جیسے کہ گھریلو صحتی مددگار، گھریلو خدمت گار، آیا، نگہداشت فراہم کنندہ اور گھر کی صفائی کرنے والے کارکنان۔

ضروری حقوق اور وسائل سے آپ کی آگاہی کے لیے DCA نے یہ جائزہ تیار کیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے **311 پر کال کریں** اور "Paid Care" سے رابطہ کی درخواست کریں یا **nyc.gov/dca** ملاحظہ کریں

# آپ کے حقوق

### امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر آپ حقوق رکھتے/رکھتی ہیں۔



## کم از کم اجرت

اگر آپ صرف ایک نجی گھرانے یا فرد کے لیے ہی کام کرتے/کرتی ہیں یا اگر آپ کے آجر کے پاس 10 یا اس سے کم ملازمین موجود ہیں، تو کم از کم اجرت $10.50 فی گھنٹہ ہے۔

اگر آپ کے آجر، بشمول گھر پر نگہداشت فراہم کرنے والی ایجنسی، کے پاس 11 یا اس سے زیادہ ملازمین موجود ہیں، تو کم از کم اجرت $11.00 فی گھنٹہ ہے۔

آپ کا آجر کم از کم لازمی اجرت سے زیادہ ادائیگی بھی کر سکتا ہے۔


مزید معلومات کے لیے یا اجرت سے متعلقہ شکایت کے اندراج کے لیے ریاست نیویارک کے محکمہ برائے لیبر (New York State Department of Labor) کی ویب سائٹ labor.ny.gov ملاحظہ کریں یا 1-888-4-NYSDOL (1-888-469-7365) پر کال کریں۔

کیا آپ ایسے کارکن ہیں جو میڈی کیڈ (Medicaid) کے وصول کنندہ کو گھر پر نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ اگر ایسا ہے، تو ہو سکتا ہے ریاست نیویارک کا اجرت میں مساوات (Wage Parity) کا قانون آپ کا تحفظ کرتا ہو۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں اور "Paid Care" سے رابطہ کی درخواست کریں۔



## ام کے گھنٹوں کے لیے ادائیگی

آپ کو کام میں صرف شدہ ہر گھنٹے کے لیے، بشمول آپ کی طے شدہ شفٹ سے پہلے اور/یا بعد کےکاموں اور کام پر آنے جانے کے دوران صرف شدہ وقت کے لیے ادائیگی ہونی چاہیئے۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں اور "Paid Care" سے رابطہ کی درخواست کریں یا nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔



## اوور ٹائم


اگر آپ ایک ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے/کرتی ہیں تو آپ کے آجر کو اوور ٹائم کے گھنٹوں کے لیے آپ کو ادائیگی کے معمول کے نرخ کا 1.5 گنا ادا کرنا چاہیئے۔

اگر آپ گھریلو کام کاج کرنے والے کارکن ہیں جو آجر کے گھر میں رہتا ہے، تو آجر کو ہفتہ وار 44 گھنٹے پورے ہونے کے بعد آپ کو اوور ٹائم کی ادائیگی کرنی چاہیئے۔



## تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی

اگر آپ نیویارک شہر میں سالانہ 80 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے/کرتی ہیں تو آپ اپنی، اپنے بچے کی یا دیگر اہل خانہ کی دیکھ بھال کے لیے 40 گھنٹے تک تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی کے مستحق بن سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ گھریلو کام کاج کرنے والے کارکن ہیں، تو ایک سال کی ملازمت کے بعد آپ کے گھرانے کے آجر کو آپ کو تین دن تنخواہ کے ساتھ آرام کے لیے چھٹی، جو آپ کو ریاست نیویارک شعبہ برائے لیبر کے قانون کے تحت ملتی ہے، کے علاوہ دو دن کی تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی دینی چاہیئے۔ بیماری کی چھٹی کرنے یا اس کی درخواست دینے کی وجہ سے آجر کی طرف سے آپ کے خلاف انتقامی کارروائی خلاف قانون ہے۔ مزید معلومات حاصل کرنے یا شکایت درج کروانے کے لیے nyc.gov/PaidSickLeave ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔



## عدم امتیاز کی حامل جائے کار

نیویارک شہر کا انسانی حقوق کا قانون (NYC Human Rights Law) ایسے آجروں پر لاگو ہوتا ہے جن کے پاس 4 یا اس سے زیادہ ملازمین موجود ہیں۔ یہ قومی اصلیت، نسل، مذہب/ عقیدے، جنس، اور صنفی شناخت سمیت کئی محفوظ گروہوں کا احاطہ کرتا ہے، اور ملازمت کی شرائط و ضوابط کو متاثر کرنے والے کسی بھی فیصلوں میں امتیازی سلوک کی ممانعت کرتا ہے۔ اگر آپ امتیازی سلوک کا شکار ہوئے/ہوئی ہیں یا آپ نے کسی کے ساتھ ایسا ہوتے دیکھا ہے، تو نیویارک شہر کے کمیشن برائے انسانی حقوق (NYC Commission on Human Rights) کی انفولائن (Infoline) سے 311 پر رابطہ کریں۔

ریاست نیویارک کا انسانی حقوق کا قانون (New York State Human Rights Law) آجر کے سائز سے قطع نظر جنسی ہراسانی اور نسل، مذہب یا قومی اصلیت کی بنیاد پر ہراساں کرنے سے گھریلو ملازمین کی حفاظت کرتا ہے۔ انسانی حقوق کے ڈویژن (Division of Human Rights) سے 1-888-392-3644 پر رابطہ کریں۔



## ملازمت کے متلاشی کا تحفظ

DCA روزگار فراہم کرنے والی ایجنسیوں کو لائسنس دیتا ہے جن پر فیس اور رقوم کی واپسی، معاہدوں اور رسیدوں، اور مزید بہت کچھ کے متعلق قانون پر عمل کرنا ضروری ہے۔ nyc.gov/dca پر ملازمت کے متلاشی کے حقوق کا مسودہ قانون حاصل کریں یا کسی روزگار فراہم کرنے والی ایجنسی کے بارے میں شکایت درج کروانے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔



## محفوظ اور صحتمندانہ جائے کار

آپ کی جائے کار کو صحت و سلامتی کے معلوم خطرات سے محفوظ ہونا چاہیئے۔ آپ کو کام پر درپیش خطرات کے بارے میں معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔ شکایت درج کروانے کے لیے OSHA.gov ملاحظہ کریں یا 1-800-321-OSHA (1-800-321-6742) پر کال کریں۔

اگر آپ کام کے دوران زخمی ہو جاتے/جاتی ہیں، تو قطع نظر اس کے کہ ذمہ دار کون ہے، آپ اپنی اجرت اور طبی علاج کے کچھ حصے کو کور کرنے کے لیے معاوضے کے بھی اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے wcb.ny.gov ملاحظہ کریں یا 1-877-632-4996 پر کال کریں۔

# نیویارک شہر (NYC) نگہداشتی کارکنوں کا خیال رکھتا ہے

## حقوق اور وسائل کا ایک جائزہ

Urdu | اردو

Office of the Mayor
Consumer Affairs
Lorelei Salas
Commissioner




### امیگریشن کے سلسلے میں معاونت

ActionNYC آپ کی اپنی زبان میں آپ کی کمیونٹی میں امیگریشن سے متعلق محفوظ، مفت قانونی جانچ پڑتال مہیا کرتا ہے۔ nyc.gov/actionnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں۔

### انگریزی کی کلاسیں

نیویارک شہر کے محکمہ برائے ترقئ نوجوانان و معاشرہ (NYC Department of Youth and Community Development) کا انگریزی زبان کا پروگرام (English Language Program) نیویارک شہر کے بالکل نئے رہائشیوں کو انگریزی سیکھنے میں مدد دینے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dycd ملاحظہ کریں۔

### صحت کا سستا بیمہ

نیویارک شہر کی انسانی وسائل انتظامیہ (NYC Human Resources Administration) آپ کو صحت کا ایسا بیمہ اور ایسی نگہداشت کی تلاش میں مدد دے سکتی ہے جو آپ کی ضروریات اور گنجائش کے مطابق ہو۔ 311 پر کال کریں، بلامعاوضہ شخصی مدد کے لیے محکمہ صحت کا سندیافتہ درخواست مشیر تلاش کرنے کی خاطر nyc.gov/health ملاحظہ کریں، یا nystateofhealth.ny.gov پر نیویارک اسٹیٹ آف ہیلتھ (NY State of Health) کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### عوامی بینیفٹس

ACCESS NYC ایک بلامعاوضہ خدمت ہے جو آپ کو یہ جاننے میں مدد دیتی ہے کہ آیا آپ 30 سے زیادہ شہری، ریاستی اور وفاقی بینیفٹس پروگراموں کے لئے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں یا نہیں۔ آپ ACCESS NYC کے ذریعے مخصوص پروگراموں کے لئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ ACCESS NYC کے بارے میں معلومات کے لیے nyc.gov/accessnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

### بلامعاوضہ مالی مشاورت

نیویارک شہر کے مالی عطائے اختیار کے مراکز (NYC Financial Empowerment Centers) بلامعاوضہ شخصی مالی مشاورت پیش کرتے ہیں۔ یہ خدمت رازدارانہ ہے اور ہمارے پیشہ ورانہ مشیر ایک سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں۔ ملاقات کا وقت طے کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔

### ٹیکس گوشوارے کی بلامعاوضہ تکمیل

آپ نیویارک شہر کی ٹیکس گوشوارے کی بلامعاوضہ تکمیل (NYC Free Tax Prep) کی خدمات کے لئے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں جس میں IRS کے مصدقہ VITA/TCE رضاکار تکمیل کنندہ کی ہمراہی میں آن لائن فائلنگ اور بذات خود فائلنگ شامل ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/taxprep ملاحظہ کریں۔

### تعلیمی اور تربیتی پروگرام

شہر ملازمت کے متلاشی افراد کے لیے بلامعاوضہ مدد فراہم کرتا ہے۔ nyc.gov/workforce1 ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور ورک فورس1 کیریئر سنٹر (Workforce1 Career Center) تلاش کرنے کے لیے کہیں۔

## با معاوضہ نگہداشت ڈویژن

**با معاوضہ نگہداشتی کارکنوں کے حقوق کے تحفظ، با معاوضہ نگہداشت کی ملازمتوں کے معیار کو بہتر بنانے اور با معاوضہ نگہداشت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے وقف ہے۔**

ہم با معاوضہ نگہداشتی کارکنوں کی ان طریقوں سے اعانت کرتے ہیں:

- کارکنوں کو ان کے حقوق کے اور شہری وسائل کی دستیابی کے بارے میں مطلع کرنے کے لیے **عوام تک رسائی اور تعلیم۔**
- مقامی، ریاستی اور وفاقی سطح پر جائے کار پر ہونے والی خلاف ورزیوں سے نمٹنے کے لیے **تعمیل اور شکایت کی وصولی اور ریفرل۔**
- کارکن آبادیات، حالات کار و صنعتی معیارات، آجر کی طرف سے جائے کار کے قوانین کی تعمیل، اور کارکن کوآپریٹوز کے مؤثر ہونے کے متعلق **تحقیق و پالیسی کی تیاری۔**

NYC Consumer Affairs

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پزیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔ ہمارے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے کام کے ذریعے DCA ایسے ٹولز اور وسائل مہیا کر کے کارکن خاندانوں کو مختار بناتا ہے جو انہیں خوشحالی حاصل کرنے اور کام و زندگی میں توازن پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔

04/2017

Printed on 30% post consumer recycled paper